Sociology - FA Part 1 Sociology Urdu Medium Chapter 1 Short Questions Test

Q1. دیہی کمیونٹی کے مطالعہ مین کون سی باتیں اہم ہیں؟ یا دیہی کمیونٹی کے عمرانیات سے کیا مراد ہے.

Ans 1: دنیا معاشرے دیہی کمیونیشز رکھتے ہیں جن میں خاص طرز کی بودہ پاش پائی جاتی ہے. سادہ ڈیزائن کے مکانات، سادہ پیشے اور سادہ معاشرتی تفاعل کے انداز پائے جاتے ہین ان باتوں کا مطالعہ دیہی کمیونیٹی کی عمرانیات میں کیا جاتا ہے.

Q2. ٹیفاشیف نے عمرانیات کی تعریف میں کیا لکھا.

Ans 1: "عمرانیات ان افراد کے مطالعہ کا علم ہے- جو ایک دوسرے کے محتاج ہوں- یہ تعریف نہایت جامع ہے کیونکہ اس میں معاشرتی زندگی کے اہم پہلو کو روشن کیا گیا ہے یعنی لوگ اس حالت میں ہوں کہ وہ ایک دوسرے کے محتاج ہوں اور ایک دوسرے سے مل جل کر اپنی زندگیکی ضروریات پوری کرتےہوں-ایسی صورت میں جو واقعات پیش آئیں گے ان کے مطالعہ کا نام عمرانیات ہے.

Q3. فرانسیی مفکر ڈرخائم کی عمرانیات کی تعریف کریں-

Ans 1: ڈرخائم نے عمرانیات کو معاشرتی اداروں کی سائنس کہا ہے- یہ ادارے تعلیم ، خاندان ، مذہب سیاست اور معیشت ہین-

---

Q4. عمرانیات میں خاندان کے کن پہلوؤں کا مطالعہ کیا جاتا ہے. یا خاندان کی عمرانیات سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اس میں خاندان کی ابتداء ، ارتقائی منازل، خاندان کے وظائف اس میں ہونے والی تبدیلیاں، خاندان کا معاشرہ سے اور معاشرہ کا خاندان سے تعلق اور ان میں ہونے والی تبدیلیوں وغیرہ کا مطالعہ کیا جاتا ہے.

Q5. عمرانی طب دماغی میں کن پلوؤں کا مطالعہ کیا جاتا ہے. یا عمرانی طب دماغی سے کیا مراد ہے.

Ans 1: عمرانی طب دماغی میں ایسے بتائج کا مطالعہ کیا جاتا ہے جو فرد اور معاشرہ کے ٹکراؤ کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں- ان میں ڈیپیریشن ، دماغی الجھنیں ، دباؤ ، دماغی پریشانی و انتشار اور دوسری نفسیاتی بیماریوں کا مطالعہ کہا جاتا ہے.

Q6. صنعتی عمرانیات کے مطالعہ میں کون سی باتیں اہم ہیں؟ یا صعنتی عمرانیات سے کیا مراد ہے.

Ans 1: صعنتی ترقی سے معاشرے میں جہاں خوشحالی ، روزگار کی فراہمی اور معیار زندگی میں اضافہ ہوتا ہے وہاں اس کی وجہ سے افراد میں بے چینی اداروں میں بدنظمی تعلقات میں کمی اور دوسرے سکانی مسائل کو جنم دیتی ہے جس سے افراد میں مختلف بیماریاں جنم لیتی ہیں ان حالات کا مطالعہ صنعتی عمرانیات میں کیا جاتا ہے.

Q7. آخٌلاقی عمرانیات سے کیا مراد ہے.

Ans 1: سماجی مسائل کو حل کرنے کے لیے عمرانیاتی علم کو بروئے کار لانے والی عمرانیات کی برانچ اخلاقی عمرانیات کہلاتی ہے.

Q8. ماحول کی عمرانیات کو مختصر بیان کریں-

Ans 1: انسانی سرگرمیاں ہمارے اردگرد کے ماحول کو متاثر کرتی ہیں اور ہمارے اردگرد کا ماحول ہمارے ثقافت، رہن سہن ، لباس، رسم و رواج کو متاثر کرتا ہے- اس

-کا مطالعہ عمرانیات کی جس برانچ میں کیا جاتا ہے اسے ماحول کی عمرانیات کہتے ہیں

Q9. عمرانیات کے کوئی سے تین اہم دائرہ کار بتائیں-

Ans 1: عمرانیات کا دائرہ کار بہت وسیع ہے اس نے انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کیو ہوا ہے ان میں سے تین اہم دائرہ کار یہ ہیں خاندان - دیہی کمیونٹی - صعنتی عمرانیات

Q10. میکس ویبر نے عمرانیات کی تعریف بیان کریں-

Ans 1: میکس ویبر کے مطابق " عمرانیات سماجی عمل کے مطالعہ کا نام ہے". معاشرے کا فرد ہوتے ہوئے جو مل کر جو کچھ کرتے ہیں اس کا مطالعہ بھی عمرانیات ہے جیسے مل کر کسی سیاسی لیڈر کی کنوینسنگ کریں-پل تعمیر کریں- نہر کھودیں- سکول بنائیں مسجد یا مدرسہ تعمیر کریں ایسا سماجی عمل کو عمرانیات کہلاتا ہے